09/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت غل سے خبریں سُن

میٹنگ

مرکز نے جموں کشمیر میں مکمل طور دہشت پسندی کے خاتمے کے لئے مشن موڑ پر دہشت گردی مخالف کاروائیاں چلانے پر زور دیا ہے ۔ نئی دلی مینجموں کشمیر سے متعلق اعلیٰ سطح کی ایک سکیورٹی جائزہ میٹنگ کے دوران مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ جموں کشمیر میں جلد سے جلد دہشت پسندی کا مکمل خاتمہ یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل کو دستیاب کرایا جائے گا ۔

دفعہ 370 کی تنسیخ کے بعد والی حصولیابیوں کو بنائے رکھنے کے لئے انہوں نے سکیورٹی ایجنسیوں کو باہمی تال میل کے ساتھ کام کرتے ہوئے ہر محاظ پر چوکس رہنے کی ہدایت دی ۔ میٹنگ میں جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، نلن پربھات ، مرکزی داخلہ سیکریٹری گووِند موہن اور انٹیلی جنس بیورو کے ڈائریکٹر DGPچیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، کے علاوہ مختلف سکیورٹی ایجنسیوں کے سینئر افسران بھی موجود تھے ۔ Tapan Kumar Deka

Young لیڈرس مذاکرات

لیڈرس مذاکرات ہو رہے ہیں۔ مذاکرات کا یہ سلسلہ Young نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں آج سے 2026 کے وکست بھارت چار دن جاری رہے گا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے کہا ہے کہ ملک بھر کے نوجوان رہنما، وزیر اعظم نریندر مودی کے سامنے وکست بھارت کے موضوع پر اپنے خیالات اور نظریات پیش کریں گے۔

لیفٹنٹ گورنر

جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے 53 نوجوانوں کا ایک گروپ بھی ان مذاکرات میں شرکت کی غرض سے نئی دلی میں موجود ہے ۔ ان نوجوانوں کو ایک دن قبللیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں سے روانہ کیا تھا ۔ اس موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر نے ایک خوشحال اور وکست بھارت کی تعمیر میں نوجوانوں کی صلاحیت میں بھر پور اعتماد کا اظہار کیا ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر میں تعلیمی شعبے کو معیار کی بلندیوں تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ جموں سے محکمہ اسکولی تعلیم کی DTHچینل JK e-pathshala کا آغاز کرنے کے موقعہ پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس پہل سے جموں کشمیر ،بالخصوص دور افتادہ اور پچھڑے علاقوں کے طلباءکو معیاری تعلیم تک رسائی حاصل ہوگی ۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے مرکزی وزیر نتن گڈکری سے مانگ کی ہے کہ سرینگر اور جموں شہروں میں کنٹرول کو سائنسی بنیادوں پر Pollution اور Fitness قائم کئے جائیں، جو گاڑیوں کی Automated Testing Stations چیک کرنے کے علاوہ سڑک سلامتی یقینی بنانے کے لئے ضروری ہے ۔

نئی دلی کے بھارت منڈپم تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے وزرائے ٹرانسپورٹ کی 43 ویں ٹرانسپورٹ ڈیولپمنٹ کونسل میٹنگ میں شرکت کرنے سے قبل ستیش شرما نے مرکزی وزیر نتن گڈکری سے جموں کشمیر کے سرحدی علاقوں کے لئے ایمبولنس اور بارڈر پسنجر بسیں فراہم کرنے کی بھی مانگ کی ۔

سیاحت

سیاحتی سیکٹر کو جموں کشمیر کے اقتصادی منظر نامے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے ۔ مرکزی اور یو ٹی سرکاریں اس صنعت کو فروغ دینے اور اس کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم کرنے کیلئے کئی اسکیمیں چلا رہی ہیں۔

اس تعلق سے محکمہ سیاحت کشمیر کے ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

انکم ٹیکس

محکمہ انکم ٹیکس کے سرینگر سرکل کی جانب سے منی سیکریٹریٹ بانڈی پورہ میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا گیا ۔انکم ٹیکس محکمہ سرینگر کے جوائنٹ کمشنر شکیل احمد گنائی کی صدارت میں منعقدہ اس پروگرام کا مقصد لوگوں کو آمدنی پر رضاکارانہ طور ٹیکس ادا کرنے کےلئے آمادہ کرنے اور انہیں حالیہ ٹیکس اصلاحات کے بارے میں تفصیلی جانکاری فراہم کرنا تھا ۔

ایڈوائزری

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ بزرگوں کو جسمانی کمزریونکا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اس کمزوری کی وجہ سے ان کا معیار زندگی بھی متاثرہو جاتا ہے ۔ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ کئی ایک بزرگوں کی قوت سماعت بھی کم ہوجاتی ہے۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5 اعشاریہ 6 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔